درود شریف میں
ہماری پریشانیوں کا حل
جمع وترتیب: (حضرت مولانا) اسماعیل احمد منوبری (صاحب)

عبدالہادی ۹/۰۴/۱۴۳۱ھ

سبحانہ وتعالیٰ

درود شریف میں

ہماری پریشانیوں کا حل

جمع وترتیب: (حضرت مولانا) اسماعیل احمد منوبری (صاحب)

ناشر:

دارالعلوم عربیہ اسلامیہ بھروچ، محمودنگر

مقام وپوسٹ: کنتھاریہ-۳۹۲۱۶۲، ضلع: بھروچ، گجرات (الہند)

نامِ کتاب: درود شریف میں ہماری پریشانیوں کا حل

جمع وترتیب: (مولانا) اسماعیل احمد منوبری (صاحبؒ)

سلسلۂ اشاعت نمبر: ۴۱۴؍

کمپوزنگ: نورالدین قمر (کاتبؔ) خادم: دارالعلوم ہٰذا

فون: ۲۵۵۷۱۲

صفحات: ۵۴؍

طباعت: ربیع الاول ۱۴۲۵ھ مطابق [illegible] ۲۰۰۴ء

تعداد: ۱۱۰۰؍

ناشر:

دارالعلوم عربیہ اسلامیہ، بھروچ، محمودنگر

مقام وپوسٹ: کنتھاریہ-۳۹۲۱۶۲، ضلع: بھروچ، گجرات (الہند)

فہرست مضامین

اللہ اکبر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم،

سرکارِ دو عالم کے چہرۂ انور کی زیارت کا درود شریف

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ۔

فائدہ:- جو مسلمان مرد یا عورت شبِ جمعہ میں دو رکعت نماز پڑھے اور ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد ۳۵ ر مرتبہ سورۂ اخلاص (قُل ھو اللہ احد) پڑھے اور نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ مذکورہ بالا درود شریف پڑھ کر دُعا کرے تو اگلا جمعہ آنے سے قبل خواب میں آں حضرت ﷺ کی زیارت سے

مشرف ہوگا اور زیارت کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں کو بخش دیں گے۔

(ذریعۃ الوصول حوالہ نمبر ۵۳ر)

لڑکا یا لڑکی کی شادی میں بندش کا درودِ ابراہیمی

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی
اِبْرَاهِیْمَ وَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

فائدہ :- اگر کسی لڑکا یا لڑکی کی شادی میں
رُکاوٹ ہو اور رشتہ نہ ہوتا ہو یا سرے سے رشتہ آتا
ہی نہ ہو تو لڑکا یا لڑکی اور اس کی ماں صبح فجر کے بعد
اور شام کو مغرب کے بعد پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ
درودِ ابراہیمی پڑھ کر دُعاء کریں تو بہت جلد نیک اور
اچھے رشتے کا اللہ تعالیٰ انتظام کر دیتے ہیں اور
رُکاوٹ دور ہوتی ہے۔ (حوالہ نمبر ۱)

مستقل مزاجی پانے اور ضیاعِ اوقات
سے بچنے کے لئے نایاب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی
اٰلِ مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ
الذَّاکِرُوْنَ ط وَ کُلَّمَا سَھٰی عَنْہُ
الْغَافِلُوْنَ ط وَعَلٰی اٰلِ
مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَسَلِّمْ ط

فائدہ :- جو شخص بعد نماز فجر بطورِ وظیفہ
ایک سو (۱۰۰) مرتبہ یہ درود شریف پڑھ لیا کرے

تو اللہ تعالیٰ اس کو دینی و دُنیاوی کاموں میں یکسوئی اور مستقل مزاجی عطا کردیتے ہیں ، نیز اس کی برکت سے اوقات ضائع ہونے سے بچ جاتے ہیں،اور کاموں میں آسانی پیدا ہو جاتی ہے۔

(حوالہ نمبر۱۲۹ر۱)

قرض کی ادائے گی کے لئے آزمودہ درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ اَبَدًا اَفْضَلَ صَلَوَاتِکَ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَنَبِیِّکَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَآلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِیْمًا ط وَزِدْهُ

تَشْرِیْفًا وَّاَنْزِلْهُ الْمَنْزِلَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ ط

فائدہ:- اگر کوئی قرض دار فرصت کے اوقات میں یکسوئی کے ساتھ روزانہ ایک سو ایک مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اس کے قرض کی ادائیگی کا انتظام کر دیتے ہیں،نہایت مجرب ہے۔

(حوالہ نمبر۱۳۶ر۱)

ہر قسم کے درد اور لاعلاج بیماری (شوگر، کینسر) کیلئے دوردشریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ كُلِّ دَآءٍ وَّ دَوَآءٍ ط وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

فائدہ:- کسی بھی قسم کے درد اور مرض کے لئے مریض پر یہ درود شریف اس طرح دم کرے کہ اوّل آخر تین بار درود پڑھے اور درمیان میں سات بار سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھ کر مریض پر دم کرے تو فوراً شفا ہو انشاء اللہ

العزیز، نیز اگر مریض لاعلاج قرار دیدیا گیا ہو یا بیماری سخت ہو، تو یہ درود شریف اوّل آخر ایک سو مرتبہ پڑھے، شوگر اور کینسر جیسے موذی امراض میں نہایت اکسیر پایا ہے۔ (حوالہ نمبر ۱۳۴/۱)

قرض سے محفوظ رہنے کے لئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی اٰلِهٖ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

فائدہ:- جو شخص چاہے کہ کبھی قرض دار نہ ہو یا اگر ہو جائے تو جلد نجات پائے، اس کو چاہئے کہ بعد نمازِ ظہر سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دُعا کرے

تو اللہ تعالیٰ اس کو قرض سے بچائیں گے اور اگر مقروض ہوا تو غیب سے قرض کی ادائیگی کا انتظام کردیں گے، اور آخرت میں کسی نعمت کی ناقدری پر پکڑ نہیں ہوگی انشاءاللہ العزیز۔

([illegible])

جن، آسیب اور سانپ، بچھو، موذی جانوروں سے حفاظت کے لئے

درود شریف

صَلَّى اللّٰهُ سُبْحَانَهٗ وَبِحَمْدِهٖ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِهٖ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَآلِهٖ وَبَارَكَ

وَسَلَّمَ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ

فائدہ:- اگر کوئی شخص ہر نماز کے بعد سات دفعہ یہ درود شریف پڑھ کر بدن پر دم کرلیا کرے تو جن، آسیب، اور سانپ، بچھو کوئی بھی موذی جانور اس کو تکلیف نہ دے سکے گا، اور نہ کوئی ظالم وسرکش اس پر غلبہ پاسکے گا، نیز کثرت سے اس کا ورد کرنا عجیب حفاظتی حصار کی طاقت رکھتا ہے۔

([illegible])

اولاد کی کامیابی اور عزت کے لئے

دورد شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ

حَبِیْبِکَ مُحَمَّدٍ وَّآلِہٖ ط صَلٰوۃً
اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ ط وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ
کَذٰلِکَ ط

فائدہ:- اگر کوئی شخص بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب ۱۷/مرتبہ اور دیگر نمازوں کے بعد سات مرتبہ یہ درود شریف پابندی سے پڑھا کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو اور اس کی اولاد کو معاشرے میں باعزت مقام عطا کرے گا اور لوگوں کی نگاہ میں محبوبیت نصیب ہوگی۔

(حوالہ نمبر ۱۵۱/ر)

کاروبار میں ترقی اور مالدار ہونے کے لئے نایاب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ ط وَصَلِّ
عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ
وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ط

فائدہ:- اگر کوئی کاروبار میں ترقی ہونے اور دولت میں فراوانی کا خواہاں ہو تو پابندی سے فرصت کے اوقات میں ۳۱۳/مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دُعا کیا کرے انشاء اللہ بہت جلد مالی خوش

حالی نصیب ہو گی، اور کاروبار ترقی کرے گا۔

(حوالہ نمبر ۱۵۷/۱)

ظالم شوہر کے ظلم سے نجات اور تنگ دستی سے حفاظت کے لئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَاحِبِ الْفَرْقِ وَالْفُرْقَانِ ط وَ
جَامِعِ الْوَرَقِ وَمُنْزِلِہٖ مِنْ سَمَآءِ
الْقُرْآنِ ط وَعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ
وَّسَلِّمْ ط

فائدہ:- اگر شوہر مار پیٹ اور ظلم و ستم کرتا ہو

یا کوئی تنگ دستی اور محتاجی کا شکار ہو تو وہ یہ درود شریف بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ عشاء ۱۱/مرتبہ پڑھ کر دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ شوہر کو بیوی پر مہربان کر دے گا اور محتاج تنگدستی سے محفوظ رہے گا۔

(حوالہ نمبر ۱۷۹/۱)

بے گناہ کی رہائی اور ناحق مقدمے سے نجات کے لئے نایاب درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ
حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلَوٰاتِکَ
شَیْءٌ ط وَّبَارِکْ عَلَی النَّبِیِّ

مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ
بَرَکَاتِکَ شَیْءٌ ط وَارْحَمِ النَّبِیَّ
مُحَمَّدًا حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ
رَّحْمَتِکَ شَیْءٌ ط وَسَلِّمْ عَلَی
النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ
سَلَامِکَ شَیْءٌ ط

فائدہ:- بے گناہ قیدی اور ناحق مقدمے میں مبتلا شخص روزانہ بعد نماز فجر ۳۱۳/مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دُعا کرے تو اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی باعزت رہائی کا انتظام کردیں گے، اور مقدمے

میں حیرت انگیز طور پر کامیابی ہوگی، انتہائی آزمودہ ہے۔ (حوالہ نمبر ۱۶۳/۲۶۳-آ)

دِل کی گھبراہٹ اور بلڈ پریشر کے لئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ
نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الطَّاھِرِ الزَّکِیِّ
صَلٰوۃً تُحَلُّ بِہِ الْعُقَدُ وَتُفَکُّ
بِھَا الْکُرَبُ ط

فائدہ:- جس شخص کا دِل خواہ مخواہ گھبرانے لگے اور انجانا خوف طاری ہو یا بلڈ پریشر کا مریض

ہو تو یہ درود شریف روزانہ بعد نمازِ فجر اور بعد نمازِ مغرب ۳۱۳/ مرتبہ پڑھ کر سینہ پر پھونک لے اور آدھ کپ پانی پر دم کر کے پی لیا کرے تو انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد افاقہ ہو گا اور طمانیتِ قلب نصیب ہوگی، امراضِ قلب میں نہایت اکسیر ہے۔

(حوالہ نمبر ۹۸/)

باغات کے پھل اور فصلوں کے اناج کو سنڈی کیڑا وغیرہ زرعی بیماریوں سے بچانے کے لئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ ط وَ بِعَدَدِ

اَقْطَارِ الْاَمْطَارِ ط وَبِعَدَدِ دَوَابِّ الْبَرَارِیْ وَالْبِحَارِیْ ط وَعَلٰی آلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ ط

فائدہ:- اگر کاشت کرنے سے پہلے ۱۴۱۴/ مرتبہ یہ درود شریف پانی پر دم کر کے کھیت میں چھڑک دیا جائے تو فصل زرعی بیماریوں سے انشاء اللہ تعالیٰ محفوظ رہے گی نیز ہر نماز کے بعد کاشتکار اس درود شریف کو ۲۱/ مرتبہ پڑھ کر دم کرتا رہے تو فصل میں خوب برکت اور ترقی ہوگی۔

(حوالہ نمبر ۱۲۱/)

ہر قسم کی مشکل اور حاجت برآری کے لئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا هُوَ اَهْلُهٗ وَ مُسْتَحِقُّهٗ ط

فائدہ:- اگر کسی کو کوئی دُشوار کام پیش آجائے اور کسی بھی طرح ہوتا دکھائی نہ دے یا کوئی جائز حاجت پوری نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہئے کہ لوگوں کے سونے کے بعد تازہ وضو کر کے پاک جگہ قبلہ رُخ بیٹھ جائے اور یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ بسم اللہ شریف کے ساتھ پڑھے، اس کے بعد ہزار مرتبہ کلمہ طیبہ مع بسم اللہ شریف پڑھ کر نہایت

گڑگڑا کر مطلوبہ کام کے لئے دُعا کرے انشاء اللہ العزیز بہت جلد کام ہو جائے گا مجرب المجرب ہے۔

(حوالہ نمبر ۱۳۰)

میاں بیوی میں مثالی اُلفت و محبت پیدا کرنے کے لئے درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مُعَطِّرِ الرُّوْحِ ط وَ آلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ صَلَاةً تُعَطِّرُنَا بِهَا وَبَارِكْ وَسَلِّمْ ط

فائدہ:- میاں بیوی میں بے مثال الفت و
محبت پیدا کرنا مطلوب ہو یا دونوں میں سے کوئی
ایک ناراض ہو اور اس کو راضی کرنا مقصود ہو تو
پھولوں پر یا مشک وعنبر کی خوشبو پر یا جو بھی خوشبو میسر
آجائے اس پر یہ درود شریف ۴۵۰/مرتبہ پڑھ کر
دم کر کے دونوں میاں بیوی سونگھیں، انشاء اللہ ایک
دوسرے کو خوب چاہنے لگیں گے آزمودہ ہے۔
مدتِ عمل ۴۱/دن ہے، نیز اگر مطلوبہ شخص دور ہو تو
چینی پر دم کر کے چیونٹیوں کو ڈال دیا کریں انشاء اللہ
زوجین کے قلوب ایک دوسرے کی طرف مائل
ہونے لگیں گے۔

(حوالہ نمبر ۱۴۵/)

ذاتی مکان کے حصول کے لئے

درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِالنَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ وَآلِہٖ وَسَلِّمْ ط

فائدہ:- جو شخص اپنا ذاتی گھر چاہتا ہو وہ یہ
درود شریف جمعہ کے دن بعد نمازِ عصر ہزار مرتبہ
پڑھ کر دعا کرے تو اللہ تعالیٰ محض اپنے لطف و کرم
سے اس کے ذاتی گھر کا انتظام کر دیتے ہیں اور
رہائش کے حوالے سے انشاء اللہ وہ کبھی پریشان نہ
ہوگا، نیز اس کے علاوہ بے شمار روحانی فوائد اس
درود شریف میں پنہاں ہیں چنانچہ ہر نماز کے بعد

۲۱ر مرتبہ اس ورد رکھیں تو انعاماتِ ربانی کا مورد ہوگا۔

(حوالہ نمبر ۱۴۷ر)

ہر امتحان میں کامیابی کے لئے
درود شریف

رَبِّ صَلِّ عَلٰی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ وَّ آلِہٖ أَجَلَّهَا ط وَاقْضِ لِیْ بِجَاهِهٖ حَوَائِجِیْ كُلَّهَا ط وَصَلِّ عَلَيْهِ كَمَآ أَنْتَ أَهْلُهَا ط وَسَلِّمْ وَشَرِّفْ وَكَرِّمْ دَآئِمًا ط

فائدہ :- کسی بھی قسم کے امتحان میں کامیابی کے لئے اس درود شریف کو عجیب تاثیر حاصل ہے، اگر طالبِ علم ہر نماز کے بعد گیارہ بار پڑھ کر امتحان میں کامیابی کی دُعا کرتا رہے تو اللہ تعالیٰ نمایاں کامیابی عطا کردیتے ہیں، خصوصاً زبانی امتحان سے قبل گیارہ مرتبہ سینہ پر دم کرنے سے جوابات آسان ہوجاتے ہیں اور کسی قسم کی گھبراہٹ نہیں ہوتی۔ (حوالہ نمبر ۱۵۲ر)

من پسند رشتہ کے حصول کے لئے
درود شریف

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ذِی الْعِزِّ وَالْكِبْرِيَآءِ

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْاَنْبِيَآءِ ؕ

فائدہ:- جو شخص چاہے کہ اس کو من پسند رشتہ میسّر آئے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے با کمال ہو تو اُسے چاہیے کہ عشاء کے بعد یا تہجد کے وقت گیارہ سو گیارہ مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر بارگاہِ الٰہی میں دعاء گو ہو تو حق تعالیٰ شانہٗ اس کی جائز دلی مراد پوری کردیں گے اور اس رشتہ سے باہم الفت و محبت نصیب ہوگی۔ مدّتِ عمل اکیانوے دن ہے۔

(حوالہ نمبر ۸۷)

جنتی پرندے کی دُعائے مغفرت کا عجیب نسخہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ ؕ وَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰى اَهْلِ بَيْتِهٖ ؕ

فائدہ:- اگر کوئی شخص چھینک آنے پر مذکورہ بالا دُعا اور درود شریف پڑھ لیا کرے تو اللہ تعالیٰ ایک پرندے کو پیدا فرمائیں گے اور وہ عرشِ الٰہی کے نیچے اپنے پروں کو حرکت دے گا اور دُعا کرے گا یا اللہ! ان الفاظ کے کہنے والے کی مغفرت فرمادیجئے۔

(حوالہ نمبر ۵۱)

حضور ﷺ کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی رُوْحِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَصَلِّ عَلٰی جَسَدِ مُحَمَّدٍ فِی الْاَجْسَادِ وَصَلِّ عَلٰی قَبْرِ مُحَمَّدٍ فِی الْقُبُوْرِ ؕ

فائدہ :- جو شخص یہ درود شریف پڑھے گا اس کو خواب میں حضورِ اکرم ﷺ کی زیارت ہو گی۔

(ذریعۃ الوصول ..... ۴۷)

روزی میں برکت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ ؕ

فائدہ :- جس شخص کی یہ خواہش ہو کہ اس کا مال بڑھ جائے وہ مذکورہ درود شریف پڑھا کرے۔

(زاد السعید)

مسجد میں آنے اور جانے پر درود شریف

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ ط

فائدہ :- آنحضرت ﷺ جب مسجد میں داخل ہوتے یا مسجد سے باہر نکلتے تو یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے۔ (ذریعۃ الوصول...۵۵ر)

مکمل درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ ط

فائدہ :- حضورِ اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ صحابہؓ سے فرمایا کہ تم ناکمل درود شریف نہ پڑھا کرو، پھر صحابہ کرامؓ کے دریافت کرنے پر آپ نے مذکورہ درود شریف کی تعلیم فرمائی۔ (ذریعۃ الوصول...۴۴ر)

دوزخ سے نجات

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰٓی اٰلِهٖ وَسَلِّمْ ط

فائدہ:- حضرت خلّادؒ جمعہ کے روز یہ درود شریف ایک ہزار مرتبہ پڑھا کرتے تھے اُن کی وفات کے بعد اُن کے تکیہ کے نیچے سے ایک کاغذ ملا جس پر لکھا ہوا تھا کہ یہ خلّاد بن کثیرؒ کے لئے

دوزخ سے آزادی کا پروانہ ہے۔

(ذریعۃ الوصول...۱۸۲ر)

جنت میں ٹھکانہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ عَلَیْہِ السَّلَامُ ط

فائدہ:- جمعہ کے روز ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھنے والے کو مرنے سے پہلے جنت میں کما ٹھکانہ دکھادیا جائے گا ہے۔ (ذریعۃ الوصول...۸۲ر)

ایمان کی حفاظت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰی

اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلَاۃً دَآئِمَۃً بِدَوَامِکَ ط

فائدہ:- جو شخص پچاس مرتبہ دن میں اور پچاس مرتبہ رات میں اس درود شریف کا ورد رکھے تو ان کا ایمان محفوظ ہوگا۔ (ذریعۃ الوصول...۱۵۲)

حضور ﷺ کے روضۂ مبارک کی زیارت

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ صَلَاۃً تَکُوْنُ لَکَ رِضاً وَّلِحَقِّہٖ اَدَآءً ط

فائدہ :- جو شخص نمازِ فجر اور نمازِ مغرب کے بعد ۳۳/۳۳ مرتبہ یہ درود شریف پڑھے اس شخص کی قبر کے اور روضۂ اقدس کے درمیان ایک کھڑکی کھول دی جائے گی اور اُن کو روضۂ اقدس کی راحت نصیب ہوگی۔ (ذریعۃ الوصول...۱۵۳ر)

ثواب میں سب سے زیادہ

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَسَلَّمْ ط

فائدہ:- یہ درود شریف پڑھنے میں چھوٹا اور ثواب میں سب سے زیادہ ہے، جو شخص روزانہ پانچ سو مرتبہ اس کو پڑھے تو کبھی محتاج نہیں ہوگا۔

(ذریعۃ الوصول...۱۵۳ر)

جنت کے پھل

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِکْ وَسَلِّمْ ط

فائدہ :- جو شخص روزانہ اس درود شریف کی پابندی کرے وہ جنت کے خاص پھل اور میوے کھائے گا۔ (ذریعۃ الوصول...۱۷۳ر)

ہزار دن تک ثواب ملنا

صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ جَزَاہُ عَنَّا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ ط

فائدہ :- جو شخص یہ درود شریف پڑھے تو ثواب لکھنے والے ستر (۷۰) فرشتے ایک ہزار دن تک اس کا ثواب لکھتے رہیں گے۔

(ذریعۃ الوصول...۱۷۷/۱)

تمام درودوں کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ ذِکْرِہٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّۃٍ ط

فائدہ :- یہ درود شریف پڑھنا آنحضرت ﷺ پر تمام درود بھیجنے کے برابر ہے۔

(ذریعۃ الوصول...۱۹۰/۱)

عرشِ عظیم کے برابر ثواب

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مِّلْاَ السَّمٰوٰتِ وَمِلْاَ الْاَرْضِ وَ مِلْاَ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ ط

فائدہ:- اس درود شریف کے پڑھنے والے کو آسمان و زمین بھر کر عرشِ عظیم کے برابر ثواب ملتا ہے۔

(ذریعۃ الوصول...۱۸۲/۱)

دُنیا و آخرت کی برکات کا حصول

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ وَسَلِّمْ بِعَدَدِ مَا

فِیْ جَمِیْعِ الْقُرْاٰنِ حَرْفًا حَرْفًا
وَّ بِعَدَدِ کُلِّ حَرْفٍ اَلْفًا اَلْفًا ط

فائدہ :- دُنیا اور آخرت کی برکتیں حاصل کرنے کے لئے اپنے وظائف و معمولات کے ختم پر یہ درود شریف پڑھ لیا کریں۔ (ذریعۃ الوصول...۱۹۲ر)

کامل درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَآ
اَمَرْتَنَآ اَنْ نُّصَلِّیَ عَلَیْهِ وَ صَلِّ
عَلَیْهِ کَمَا یَنْبَغِیْ اَنْ یُّصَلّٰی
عَلَیْهِ ط

فائدہ :- حضرت انسؓ نے رسولِ کریم ﷺ سے ایسا درود شریف دریافت کیا جس کو کامل درود شریف کہا جا سکے تو آپ ﷺ نے درود شریف بالا تلقین فرمایا۔ (ذریعۃ الوصول...۴۴ر)

قُربِ خاص کا ذریعہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ کَمَا
تُحِبُّ وَتَرْضٰی لَهٗ ط

فائدہ :- رسولِ کریم ﷺ نے ایک روز ایک شخص کو اپنے اور حضرت صدیقِ اکبرؓ کے درمیان بٹھایا، صحابۂ کرامؓ کو اس پر تعجب ہوا تو آپ ﷺ نے فرمایا یہ شخص مجھ پر مذکورہ درود شریف پڑھتا ہے۔ (ذریعۃ الوصول...۵۰ر)

دُعاءِ قنوت کے بعد درود شریف

وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَّ سَلَّمَ ط

فائدہ:- حضرت حسن رضی اللہ عنہ دُعاءِ قنوت کے بعد مذکورہ الفاظ سے دورد شریف پڑھا کرتے تھے۔

(ذریعۃ الوصول...۵۵ر)

تابعینؒ کا درود شریف

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓى اَبِيْنَآ اِبْرَاهِيْمَ ط

فائدہ:- حضرت سُفیان بن عُیَینہؒ نے فرمایا میں نے ستّر (۷۰) سال سے زیادہ حضرات تابعین رحمہم اللہ کو دورانِ طواف یہ درود شریف پڑھتے ہوئے سُنا ہوں۔

(ذریعۃ الوصول...۱۰۰ر)

دس ہزار مرتبہ کے برابر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلَوَاتِكَ ط

فائدہ:- اس درود شریف کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دس ہزار مرتبہ دورد شریف پڑھنے کے برابر ہے۔

(ذریعۃ الوصول... ۱۵۰ر)

ایک ہزار دن تک ثواب

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ جَزَاهُ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ ط

فائدہ :- جو شخص یہ درود شریف پڑھے تو ایک ہزار دن تک ستّر (۷۰) فرشتے اس کا ثواب لکھتے رہیں گے۔

(ذریعہ الوصول...۱۷۷ر)

اولاد کو عزّت ملنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلٰوةً اَنْتَ لَهَا اَهْلٌ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ ط

فائدہ :- جو شخص صبح و شام سات سات مرتبہ اس درود شریف کو پابندی سے پڑھے تو اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ اس کی اولاد کو باعزت رکھے گا۔

(ذریعہ الوصول...۱۶۴ر)

جنت میں اپنا مقام دیکھنا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّ اٰلِهٖ اَلْفَ اَلْفِ مَرَّةٍ ط

فائدہ :- جو شخص جمعہ کے دن ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو وہ اُس وقت تک نہ مرے گا جب تک کہ وہ مرنے سے پہلے جنت میں اپنا ٹھکانہ نہ دیکھ لے۔

(ذریعہ الوصول...۱۶۰ر)

بڑے پیمانہ سے ثواب ملنا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ
النَّبِیِّ وَ اَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ
الْمُؤْمِنِیْنَ وَ ذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ
کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ط

فائدہ:- حضورِ اکرم ﷺ کے ارشاد کے مطابق جو شخص چاہے کہ بڑے پیمانہ کے ساتھ اس کو ثواب دیا جائے تو اس کو چاہئے کہ مذکورہ درود شریف پڑھے۔

(ذریعۃ الوصول...۳۲)

بڑا جامِ کوثر عطا ہونا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی
اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ وَ اَوْلَادِہٖ
وَاَزْوَاجِہٖ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ
وَاَصْھَارِہٖ وَ اَنْصَارِہٖ وَاَشْیَاعِہٖ
وَمُحِبِّیْہِ وَ اُمَّتِہٖ وَعَلَیْنَا مَعَھُمْ
اَجْمَعِیْنَ یَآاَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ ط

فائدہ:- جو شخص رسولِ کریم ﷺ کے حوضِ کوثر سے بڑے پیمانہ کے ساتھ پانی نوش کرے اس کو چاہئے کہ یہ درود شریف پڑھا کرے۔

(ذریعۃ الوصول...۹۷)

افضل درود شریف

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ
نِ الَّذِیْ مَلَأْتَ قَلْبَهٗ مِنْ جَلَا
لِکَ وَعَیْنَیْهِ مِنْ جَمَالِکَ
فَأَصْبَحَ فَرِحًا مَّسْرُوْرًا مُّؤَیَّدًا
مَّنْصُوْرًا ط

فائدہ:- شیخ ابو عبداللہ بن نعمانؒ کو خواب
میں سو (۱۰۰) مرتبہ رسولِ کریم ﷺ کی زیارت
نصیب ہوئی آخری مرتبہ انہوں نے حضور ﷺ سے
افضل درود شریف دریافت کیا تو آپ ﷺ نے یہ

درود شریف تعلیم فرمایا۔
(ذریعۃ الوصول...۶۹ر)

تمام اوقات میں درود

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْٓ
اَوَّلِ کَلَامِنَا، اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ فِیْٓ اَوْسَطِ کَلَامِنَا،
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ فِیْٓ
اٰخِرِ کَلَامِنَا ط

فائدہ:- شیخ الاسلام ابو العباسؒ نے فرمایا
جو شخص دن اور رات میں تین تین مرتبہ یہ درود

شریف پڑھے وہ گویا رات اور دن کے تمام اوقات میں درود بھیجتا رہا۔

(ذریعۃ الوصول... ۱۹۱ر)

ستّر ہزار فرشتوں کا استغفار

جَزَی اللّٰہُ تَعَالٰی عَنَّا مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَاھُوَ اَھْلُہٗ ط

فائدہ:- جو شخص یہ کہا کرے اس کے لئے ستر ہزار فرشتے ایک ہزار دن تک استغفار کرتے رہیں گے۔

(ذریعۃ الوصول... ۴۰ر)

حضور ﷺ کی شفاعت اور حسنِ خاتمہ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَکَ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ط

فائدہ:- رسولِ کریم ﷺ کے ارشاد کے مطابق اس درود شریف کے پڑھنے والے کے لئے حضور اقدس ﷺ کی شفاعت واجب ہوگی۔ جس میں اس کے حسنِ خاتمہ کی بشارت ہے۔

(ذریعۃ الوصول...... ۱۲۷ر)

تمت بالخیر

ناشر
دارالعلوم عربیہ اسلامیہ بھروچ، محمود نگر
مقام و پوسٹ: کنتھاریہ-۳۹۲۱۶۲، ضلع: بھروچ، گجرات (الہند)